جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا آغاز: الحمدللہ ۲۲ شوال ۱۴۲۴ھ بمطابق ۱۷ دسمبر ۲۰۰۳ بروز بدھ کو دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوا۔ تمام طلباء کرام ایوان شریعت کے وسیع وعریض ہال میں جمع تھے۔ پہلے قرآن خوانی کی گئی پھر اس کے بعد حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے درس حدیث ترمذی سے باقاعدہ آغاز کیا۔ اس موقع پر آپ نے طلباء سے فضیلت علم' علماء کی ذمہ داریاں اور پابندی اوقات اور موجودہ نئے حالات میں دینی مدارس اور علماء و طلباء کو نئے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے بھرپور علمی تیاریوں کے بارے میں نصیحت آموز اور سیر حاصل خطاب فرمایا۔ پھر نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے مختصر اور جامع خطاب فرمایا۔ اور دارالعلوم کے قواعد وضوابط پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور طلباء کو اس پر عمل درآمد کی تلقین کی۔ آخر میں شیخ الحدیث حضرت مولانا سید ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب نے اختتامی دعا فرمائی۔

دارالعلوم میں درجہ رابعہ تک اردو زبان میں اسباق کا اجراء: جامعہ حقانیہ کے نئے تعلیمی سال کے اسباق کے افتتاح سے قبل حسب معمول شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مہتمم جامعہ کی صدارت میں ادارہ تمام شیوخ وعظام اساتذہ کرام نے بھرپور شرکت کی۔ میٹنگ شام چھ بجے سے شروع ہوکر رات گیارہ بجے تک جاری رہی۔ جس میں داخلہ جات سے قبل اساتذہ کی ذیلی کمیٹی جو کہ حضرت مولانا انوار الحق نائب مہتمم کی سربراہی میں بنائی ۔ شفارسات وتجاویز کو تفصیل سے پیش کیا گیا۔ ہر تجویز پر سیر حاصل بحث کے بعد کئی انقلابی نوعیت کے اہم فیصلے کئے گئے اور خصوصاً تعلیمی شعبے میں مزید نکھار پیدا کرنے کیلئے کئی اہم تبدیلیاں عمل میں لائیں گئی۔ اسی اجلاس میں ایک بہت ہی اہم اور ایک دیرینہ تجویز کو بھی اکثریت سے منظور کیا گیا کہ موجودہ تعلیمی سال میں درجہ رابعہ تک اردو زبان میں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا جائیگا۔ کیونکہ ہر سال پاکستان اور دیگر ممالک سے سینکڑوں طلباء دارالعلوم میں داخلے کے خواہش مند ہوتے ہیں لیکن یہاں چونکہ دارالعلوم میں مقامی زبان میں پڑھائی ہوتی ہے اسی کے باعث ملک کے باقی حصوں کے اکثر طلباء داخلے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ لہذا یہ انقلابی فیصلہ کیا گیا اور ملک بھر سے اس نئے سلسلے کا خیر مقدم کیا جارہا ہے۔ ان درجات میں پڑھائی اردو زبان میں شروع ہوچکی ہے۔ آئندہ سال درجہ رابعہ کے اوپر کی کلاسوں میں بھی اردو زبان وبعض درجات میں عربی زبان میں درس کا سلسلہ انشاءاللہ شروع کیا جائے گا۔ اس سال بھی شیخ الحدیث حضرت مولانا سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ نے دورہ حدیث شریف کے اپنے اسباق عربی لغت میں پڑھانے کی